## Academic Calendar for Secondary Stage: 2025-26

**Subject: Urdu ( R1 )** **Std : X**

| Remarks | Grammar | Comprehension / Writing | Topic | Unit | Month | Sr.no |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | حمد | 1 | APRIL | 1 |
| | صنعت تلمیح | | غزل(1) | 2 | | |
| | مفرد مرکب اور مخلوط جملے، محاورے | مضمون نگاری | حضرت سلمان فارسی | 3 | | |
| | | | رباعی(1) | 4 | | |
| | صنعت تضاد | | باغ ان نخلہ مسافرؑ پر سلام | 1 | JUNE | 2 |
| | | | غزل(2) | 2 | | |
| | فعل، فاعل، مفعول | عبارت | اپنے ہمسائے سے | 3 | | |
| | | | قطعہ(1) | 4 | | |
| | | | قصہ سوتے جاگتے کا- منظر1, 2, 3 , 4 | 5 | | |
| | اصناف سخن کی تعریف | | زمین کرب وبلا | 1 | JULY | 3 |
| | | | غزل(3) | 2 | | |
| | جملوں کی قسمیں: بیانیہ، استفہامیہ، فجائیہ | مضمون نگاری | بھولا | 3 | | |
| | تجنیس تام | | پریت کا گیت | 4 | | |
| | | | غزل(4) | 5 | | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | فعل کے زمانے | رپورٹ/ نوٹس | سیاہ روشنی | 6 | | |
| | صنعت مبالغہ | غیر اقتباسی نظم اور سوالات | تضحیک روزگار | 1 | AUG | 4 |
| | صنعت میرات النظیر | | غزل(5) | 2 | | |
| | | | رباعی(2) | 3 | | |
| | | | قطعہ(2) | 4 | | |
| | سابقے اور لاحقے | مضمون نگاری | مولانا حسرت موہانی | 5 | | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | فعل کے زمانے، کہاوتیں | عبارت، عرائضہ | صحنِ چمن کی سیر | 1 | SEP | 5 |
| | | | غزل(6) | 2 | | |
| | | مکالمہ | قصّہ سوتے جاگتے کا منظر,5, 6 , 7 , 8 | 3 | | |
| | حرف جار، حرف عطف | | اردو مراٹھی کے ثقافتی رشتے | 4 | | |
| | واواضافت، زیر اضافت | | چلو کہ آج | 5 | | |
| | واحد جمع، کہاوتیں | روداد | مظفر حنفی سے ایک ملاقات | 1 | OCT | |
| | فقرہ، فقرانا قص، تابع فقرہ | آپ بیتی | جلتے پروں سے اڑانا | 2 | | |
| | | | رباعی(3) | 1 | NOV | 7 |
| | | | قطعہ(3) | 2 | | |
| | صفت کی قسمیں | عبارت | دسترخوان | 3 | | |
| | نثر کے اقسام کی تعریف | | قصہ سوتے جاگتے کا۔ منظر۔9, 10, 11 | 4 | | |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | خط نویسی: ذاتی/ کاروباری خط/ عرضی | سیتا<br>خطوط<br>رباعی(4)<br>قطعہ(4) | 1<br>2<br>3<br>4 | DEC | 8 |

**TAINING MODULE**

**KEY POINTS FOR TRAINING**

1. **Explain salient features of NEP**
2. **Explanation of competencies Goal**
3. **Explanation of competencies related to CG**
4. **Lesson wise competencies**
5. **Framing of question with relation to the blooms level**
6. **Design of blue print**
7. **Internal assessment scheme using the latest technological methods**
8. **Evaluation process of internal assessment scheme**
9. **Chapter wise explanation to achieve the competencies**

**PROFORMA FOR ANALYSIS OF QUESTION PAPER**

**YEAR 2025-26**

**CLASS : X** **SUBJECT : URDU (R1.)**
**TIME :3 Hrs.** **MAX. MARKS : 80**

The weightage or the distribution of marks over different dimensions of the question papers shall be as follows:

### 1.Weightage to Learning Outcomes

| Sr. No. | Learning Outcomes | Marks | Percentage of marks |
|---|---|---|---|
| 1. | Remembering | 05 | 6 |
| 2. | Understanding | 37 | 46 |
| 3 | Application | 29 | 36 |
| 4. | Analyzing | | - |
| 5. | Evaluation | | - |
| 6. | Creation | 9 | 11 |
| | Total | 80 | 100 % |

### 2. Weightage to cotent subject units

| ساخت(کمپوزیشن)<br>Composition | صرف ونحو(قواعد)<br>Grammar | حصہ نظم<br>Poetry | حصہ نثر<br>Prose |
|---|---|---|---|
| منظر کشی | 1) ہم معنی الفاظ(مترادف | حمد | حضرت سلمان فارسی |
| مکالمہ | الفاظ | باغِ نخلہ کے مسافر | اپنے ہمسائے سے |
| روداد | 2 ) واحد جمع | زمنِا کرب وبلا | بھولا |
| اشہار نویِ<br>کہانی<br>خط<br>مضمون | 3 ) صفت صنعتu<br>4 ) زمانہ<br>5) محاورے،ضرب المثال<br>6) مرکب—مفرد- مخلوط جملے<br>7) تعریف: افسانہ<br>8 ) حروفِ عطف، حروفِ جار<br>9 ) ثابقےلاحقے<br>10 ) حروفِ تہجی کی ترتبt<br>11) جملوں.ں.ی استعمال<br>12) فعل کی اقسام: ناقص<br>،متعدی،اصل معاون فعل<br>13) فعل،فاعل،مفعول<br>14- سوالہا،فجایئہ،استفامہم جملے | پریت کا گتا | ساہ روشنی |
| | | تضحکیِ روزگار | مولانا حسرت موہانی |
| | | صحنِ چمن کی سر | اردو مراٹھی کے ثقافتی رشتے |
| | | چلو کہ آج--- | مظفر حنفی سے ایک ملاقات |
| | | ستار | جلتے پروں سے اڑان |
| | | **غزلات** : ۱- سراج- درد | دستر خوان |
| | | مصحفی ۴فانی - O | خطوط |
| | | ۵-جذبی ٦ — بانی | |
| | | **رباعاخت: ۱- کشن** پرساد شاد | |
| | | **۲-** یاس یگانہ **۳-** شاد عارفی | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | ۴۔ جملی مظہری | |
| | | **قطعات:** ۱۔ نرنہ البرآبادی | |
| | | ۲۔ بہادر شاہ ظفر ۳۔ علامہ اقبال | |
| | | ۴۔ گوپال متل | |
| | | | **اضافی مطالعہ:** قصہ سوتے جاگتے کا |
| 24 | 20 | 13 | 23 |
| 30% | 25% | 16% | 29% |

**3. Weightage to forms of Question**

| Sr.No. | Forms of Questions | Marks for each Question | Number of Questions | Total Marks |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Long Answer Type (LA) | 4,5 | 4 | 24 |
| 2 | Short Answer Type(SA-I) | 3,2 | 17 | 13 |
| 3 | Short Answer Type(SA-II) | 1 | 10 | 9 |
| 4 | Very Short Answer Type(VSA) | 1 | 23 | 34 |
| | | | | **80** |

**(2)**

**The expected time for different types of question would be as follows:**

| Sr.No. | Forms of Questions | Approx. time for each Question in mins (t) | Number of Questions | Approx. time for each form of Question in mins (n x t) |
|---|---|---|---|---|
| 1 | Long Answer Type (LA) | 16 | 4 | 64 |
| 2 | Short Answer Type(SA-I) | 3 | 17 | 50 |
| 3 | Short Answer Type(SA-II) | 2 | 10 | 20 |
| 4 | Very Short Answer Type(VSA) | 2 | 23 | 46 |
| | | | | **180 minutes** |

As the total time is calculated on the basis of the number of questions required to be answered and the length of their anticipated answers, it would, therefore, be advisable for the candidates to budget their time properly by cutting out the superfluous words and be within the expected time limits.

**4. Scheme of Options**

(there will be overall choice. However, there is an internal choice in four sub questions of 1,2 and 3 marks category , 19 to 21 one sub choice question , 22 to 27 two questions for choice , 30 to 33 two questions for choice and 34 to 37 two questions for choice .

5. **Weightage of Difficulty level of questions :**

| Sr.No. | Estimated difficulty level of questions | Marks | Percentage |
|---|---|---|---|
| 1 | Easy | 40 | 50% |
| 2 | Average | 22 | 27.5% |
| 3 | Difficult | 18 | 22.5 |
| | | | |
| | Total | 80 | 100 % |

A question may vary in difficulty level from individual to individual. As such, the assessment in respect of each question will be made by the paper setter on the basis of general anticipation from the group as a whole taking the examination. This provision is only to make the paper balanced in its weightage, rather than to determine the pattern of marking at any stage.

**6. Number of Main Questions :**

There is total 61 questions in paper and 54 questions need to be answered.

MODAL QUESTION PAPER - 2025-26

Std : Xth( R1)

| | | |
|---|---|---|
| Duration :- 3 Hours | Subject Code : S-1113 | Subject :- Urdu |
| Total No. Questions:- 61 | Printed Pages :- 12 | Maximum Marks:- 80 |

ہدایات:-

(i) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(ii) سوال نمبرات صحیح اور صاف لکھیں۔

(iii) سوالیہ پرچہ میں اپنے سیٹ نمبر کے علاوہ کچھ نہ لکھیں۔

(iv) ہر سوال کا جواب جتنے الفاظ میں لکھنے کے لیے کہا گیا ہے اتنا ہی لکھیں۔

## SECTION - A (حصہ - الف ( )READING)

مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات حل کیجئے۔

حضرت سلمانؓ کے والد یوذخشان بن مرسلان اصفہان کے ایک گاؤں جیان کے ایک بڑے مجوسی زمیندار تھے۔ کسی وجہ سے انھوں نے جیان سے ترک وطن کر کے ہرمز میں سکونت اختیار کرلی تھی۔ اسی گاؤں میں حضرت سلمان پیدا ہوئے۔ ان کا پہلا نام ماہو یہ تھا۔ وہ اپنے والد کے لیے دنیا کی ساری چیزوں سے زیادہ محبوب تھے اسی لیے بچپن سے ان کا بہت زیادہ خیال رکھا جاتا تھا۔ انھوں نے کم عمری ہی میں مجوسیت کی اس قدر تعلیم حاصل کرلی تھی کہ انھیں آتش کدے کا داروغہ بنادیا گیا مگر وہ اس مذہب سے مطمئن نہیں تھے۔

ایک دن کا ذکر ہے کہ حضرت سلمانؓ کے والد نے کسی کام کے لیے انھیں کھیت میں جانے کے لیے کہا۔ کھیت کے راستے میں ایک گرجا گھر تھا۔ حضرت سلمانؓ کھیت میں جانے کی بجائے اس گرجا گھر میں چلے گئے اور دیر شام تک وہیں رہے۔ گرجا گھر کی رسومات اور عبادات کے طریقے سے وہ بہت متاثر ہوئے۔ گھر لوٹ کر انھوں نے ساری روداد اپنے والد کو سنائی۔ یہ سن کر وہ بہت برہم ہوئے اور حضرت سلمانؓ کے پیروں میں بیڑیاں ڈال دیں۔

مندرجہ ذیل دیے گئے سوالات حل کیجئے۔

1 حضرت سلمان فارسیؓ کے والد کہاں کے زمیندار تھے؟ 1

2 حضرت سلمان فارسیؓ کا پہلا نام کیا تھا؟ 1

3 مندرجہ بالا عبارت سے لفظ 'چرچ' کا مترادف/ ہم معنی لفظ تلاش کر کے لکھیے۔ 1

4 مندرجہ بالا عبارت سے لفظ 'بے چین' کی ضد تلاش کر کے لکھیے۔ 1

5 مندرجہ بالا عبارت سے لفظ 'رسم' کی جمع تلاش کر کے لکھیے۔ 1

* مندرجہ ذیل غیر درسی نظم کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات حل کیجئے۔

پرندے کی فریاد (ڈاکٹر علامہ اقبال)

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ

وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانا

آزادیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا

آتی نہیں صدائیں اس کی مرے قفس میں
ہوتی مری رہائی اے کاش میرے بس میں
کیا بد نصیب ہوں میں گھر کو ترس رہا ہوں
ساتھی تو ہیں وطن میں میں قید میں پڑا ہوں

جب سے چمن چھٹا ہے یہ حال ہو گیا ہے
دل غم کو کھا رہا ہے غم دل کو کھا رہا ہے
گانا اسے سمجھ کر خوش ہوں نہ سننے والے
دکھتے ہوئے دلوں کی فریاد یہ صدا ہے

آزاد مجھ کو کر دے او قید کرنے والے
میں بے زباں ہوں قیدی تو چھوڑ کر دعا لے !

<u>مندرجہ بالا نظم پڑھ کر سوالات حل کیجئے۔</u>

6 آزادیاں کہاں وہ اب اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا
اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے ؟ 1

7 پرندے کے ساتھی کہاں ہیں؟ 1

8 جب سے چمن چھُٹا ہے، پرندے کا کیا حال ہے ؟ 1

9 پرندہ قید کرنے والے سے کیا التجاء کر رہا ہے ؟ 1

10 پرندے کی فریاد نظم کا مرکزی خیال بیان کیجئے۔ 1

* مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور شجری خاکہ مکمل کیجئے۔ 5

مولانا ابوالکلام آزاد 11 نومبر 1888ء کو مکہ میں پیدا ہوئے۔ اُن کا اصل نام محی الدین احمد تھا۔ اُن کے والد اپنے زمانے کے عالم دین اور مشہور واعظ تھے۔ پرورش ایسے خاندان میں ہوئی جو مذہبی مزاج رکھتا تھا۔ اُنھیں بچپن سے مطالعے شوق تھا۔ مگر اُن کے والد کو یہ بات پسند نہیں تھی کہ وہ کورس کی کتابوں کے علاوہ ادھر اُدھر کے کتابیں پڑھیں اور وقت خراب کریں۔ لیکن مولانا آزاد کا شوق کسی طرح کم نہیں ہوا۔ وہ اپنا یہ شوق اس طرح پورا کرتے کہ اپنے جیب خرچ سے موم بتیاں خرید کر لاتے اور جب گھر کے تمام لوگ سو جاتے تو موم بتی جلا کر لحاف کے اندر پڑھتے۔

بھارت کی آزادی کی جدوجہد میں مولانا کی خدمات ناقابلِ فراموش ہیں۔ آزادی کے بعد وہ پہلے وزیر تعلیم بنے۔ وہ تعلیم سے سماج میں تبدیلی لانا چاہتے تھے۔ انسانی شعور کی ترقی کے لیے تعلیم کو لازمی سمجھتے تھے۔ عورتوں کی تعلیم کے حامی تھے۔

مولانا آزاد کے مضامین، خطبات، مقالات اور مکاتیب کے مجموعے کتابی صورت میں شائع ہو چکے ہیں۔ قول فیصل، تذکرہ مقالات آزاد، ترجمان القران اور غبارِ خاطر اُن کی مشہور کتابیں ہیں۔

ہندوستان کے اس عظیم سپوت کا انتقال 22 فروری 1958ء کو دہلی میں ہوا۔ آپ کی تعلیمی خدمات کو دیکھتے ہوئے حکومت ہند نے 2008ء سے آپ کی تاریخ پیدائش کو قومی یوم تعلیم کے طور پر منانے کا فیصلہ کیا۔

**مولاناابوالکلام آزاد**

یوم پیدائش

11

اصل نام

12

کتابیں

13

14

15

## SECTION -B (حصہ - ب) (TEXTUAL)

* درج ذیل جملوں کو مناسب الفاظ سے مکمل کیجئے۔

16 مظفر حنفی کے ملازمت سے استعفیٰ دینے کی وجہ ____________ 1

17 طیارہ اپنی آہنی پروں کو پھیلائے زمین کے سپاٹ سینے پر _________ 1

18 حضرت سلمان جب تک یہودی کے غلام رہے، وہ اسلامی جنگوں میں _________ 1

* مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات 8 سے 10 الفاظ میں لکھیے۔ (کوئی دو) 2

19 مایا کے بھائی کے گھر آنے کی وجہ بیان کیجئے۔

20 صوفیوں اور سنتوں کی روحانی درسگاہوں کے نام لکھیے۔

21 مصنف کے ہمسائے کے فرج خریدنے کی وجہ لکھیے۔

* درج ذیل سوالات کے جوابات ۱۵ تا ۲۰ الفاظ میں لکھیئے (کوئی چار) 8

22 خط کے تین اہم حصوں کی نشاندہی کیجیئے۔

23 مایا کے مکھن جمع کرنے کا طریقہ بیان کیجئے۔

24 نینی تال اور اوٹا کمنڈ کی سیر کو نہ جانے سے متعلق مصنف اور ہمسائے کی غلط بیانی کو تحریر کیجئے

25 سویٹوں کے غریب خاندان کے کمروں کے بارے میں لکھئیے۔

26 حسرت موہانی کے مشاعرہ کمیٹی سے سفر خرچ نہ لینے کی وجہ بیان کیجئے۔

27 دستر خوان پر بیٹھتے ہی ہونے والے پہلے فائدے کو اپنے لفظوں میں بیان کیجئے۔

* درج ذیل اشعار کو غور سے پڑھیے اور نیچے دئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔

i وہ معبود یکتا خدائے جہاں

کہ جس نے کیا کن میں کون و مکاں

ii آگے سے تو بڑا اسے دکھلائے تھا سئیس

پیچھے ہانکے تھا، لاٹھی سے مار مار

28 پہلے شعر کو غور سے پڑھیئے اور صنف (قسم) کا نام لکھیئے۔ اور تشریح کیجیئے۔ 2

29 دوسرے شعر میں کونسی صنعت دی گئی ہے اسے پہچان کر لکھئیے۔ اور نظم کا نام لکھیئے۔ 2

* درج ذیل سوالات کے جوابات 30 سے 35 الفاظ میں لکھئے۔ (کوئی دو) 4

30 قاتل کے تیغ و نمک داں ساتھ لانے کا سبب لکھیئے۔

31 غزل کے پس منظر میں ' سفر کا تقاضا جدا ہے ' کو واضح کیجیئے۔

32 مرثیہ کسے کہتے ہیں۔ اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟

33 حمد اور نعت میں فرق لکھیئے۔

* درج ذیل سوالات کے جوابات 30 سے 35 الفاظ میں لکھئے۔ (کوئی دو) 6

34 ابوالحسن کے قید خانہ جانے کے واقعے کو مختصر بیان کیجئے۔

35 ڈرامے میں بیان کردہ مقامات کے نام لکھیئے۔

36 دعوت قبول کرنے والوں کے لیے ابوالحسن کی شرط لکھیے۔

37 قصہ سوتے جاگتے کا ڈرامے کے کرداروں کے نام اور ان کی شناخت لکھیے۔

## SECTION - C ( حصّہ - ج ) (GRAMMAR)

38 اس کا ننھا سا دل دھک سے رہ گیا۔ (جملے کی قسم پہچانیے) 1

A مفرد

B مرکب

C مخلوط

D سوالیہ

39 پروین کی لبوں پر مسکراہٹ تھی اور اس کی پلکیں بھیگی ہوئی تھیں۔(جملے کی قسم پہچانیے) 1

A سوالیہ

B مرکب

C مفرد

D مخلوط

40 ہائے! میرا تو دیوالیہ پٹ گیا۔(جملے کی قسم پہچانیے) 1

A فجائیہ

B استفہامیہ

C اسمیہ

D امریہ

41 کیا میں واپس لوٹ سکوں گا۔(جملے کی قسم پہچانیے) 1

A بیانیہ

B مرکب

C مخلوط

D استفہامیہ

42 خدا آپ کو سلامت رکھے داروغہ صاحب۔(حرفِ جار پہچانیے) 1

A آپ

B خدا

C کو

D رکھے

43 دکاندار کا بقایا چکاؤں یا بجلی کا بِل ادا کروں؟(حرفِ عطف پہچانیے) 1

A ادا

B یا

C کا

D بِل

44 حسرت علی گڑھ میں زیر تعلیم تھے۔(فعل کا زمانہ پہچانیے) 1

A زمانہ حال

B زمانہ ماضی

C زمانہ مستقبل

D حال ناتمام

45 بچہ کھلکھلا کر ہنس رہا ہے۔(فعل کا زمانہ پہچانیے) 1

A زمانہ ماضی

B ماضی مطلق

C زمانہ مستقبل

D زمانہ حال

46 ذیل الفاظ میں سابقہ کے استعمال سے بنا لفظ پہچانیے۔ 1

A لازوال

B خوبصورت

C مشہور

D عزت دار

47 ذیل دیے گئے الفاظ میں لاحقہ کے استعمال سے بنا لفظ پہچانیے۔ 1

A مشکل

B معاملات

C عقل مند

D بے مثال

48 ہراساں ہونا(اس محاورے کا مطلب پہچانیے) 1

A حیران ہونا

B خوش ہونا

C مطمئن ہونا

D خوف زدہ ہونا

49 نمودار ہونا(اس محاورے کا مطلب پہچانیے) 1

A ظاہر ہونا

B غائب ہونا

C حاصل ہونا

D مخاطب ہونا

50 حضرت ابو بکر صدیقؓ مکّہ میں پیدا ہوئے۔(اس جملے میں مفعول پہچانیے) 1

A حضرت ابو بکر صدیقؓ

B مکّہ

C پیدا

D میں

51 ہے اس قدر ضعیف کے اڑ جائے باؤ سے 1
مینخیں گر اس کے تھان کی ہویں نہ استوار
(اس شعر کی صنعت پہچانیے)
A صنعت مبالغہ
B صنعت مرات النظیر
C صنعت تلمیح
D صنعت تضاد

52 شاعر کے قلمی نام کو کیا کہا جاتا ہے؟ 1
A مقطع
B مطلع
C تقطیع
D تخلص

53 نثری ادب کی وہ صنف جس میں کردار بولتے، چلتے اور کام کرتے نظر آتے ہیں۔ 1
A داستان
B ڈرامہ
C افسانہ
D ناول

54 الٹا چور____________ (کہاوت مکمل کیجئے) 1
A کوتوال کو ڈانٹے
B کوتوال کو دیکھے
C کوتوال کو مارے
D کوتوال کو پیٹے

55 آسمان سے گرا____________ (کہاوت مکمل کیجئے) 1
A پہاڑ میں اٹکا
B کھجور میں اٹکا
C درخت میں اٹکا
D ٹہنی پہ اٹکا

56 لفظ 'بُلندی' کی ضد لکھیے۔ 1

A زمینی

B اونچائی

C پستی

D سستی

57 لفظ' شاعر' کی جمع پہچانیے۔ 1

A شعراء

B شعر

C اشعار

D شعروں

## SECTION- D (حصّہ - د)

58 مندرجہ ذیل تصویر کو غور سے دیکھیے اور اس کے بارے میں دو اقتباس لکھیئے۔ 4




59 مندرجہ ذیل دیے گئے نکات کو مدّ نظر رکھتے ہوئے اپ اسکول میں منائے گئے سالانہ جلسے پر ایک روداد تحریر کیجئے۔ 4

i جلسے کی افتتاح

ii مہمانوں کی درجہ بندی

iii ثقافتی تخریب اور تقسیم انعامات۔

iv جلسے کا اختتام

60 5

آپ راحیلہ خان/ راحیل خان ہیں۔ فلیٹ نمبر 22 سیکنڈ فلور میر امار، پنجم، گوا، میں رہتی/ رہتے ہیں۔ اپنی سہیلی/ اپنے دوست کو خط لکھ کر اپنے بھائی کی شادی کی دعوت دیجئے۔

61 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر 100 سے 120 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 5

* کمپیوٹر کے کرشمے
* میں نے خواب دیکھا
* سوکھے درخت کی آپبیتی
* میری پسندیدہ شخصیت

**<u>ختم شدہ</u>**

# MODEL PAPER ANSWER KEY 2025-2026

***STD : X*** ***MARKS : 80*** ***DURATION : 3 hrs***

SUB CODE :S-1113 SUB: URDU (R1)

---

**SECTION – A (READING) (حصہ الف)**

1 اصفہان کے گاوں جیان

2 ماہویہ

15 MARKS

3 -گرجا گھر

4 - مطمعین

5 - رسومات

6- صنعت تضاد

7 -وطن میں

8-دل غم کو اور غم دل کو کھا رہا ہے

9-اے قید کرنے والے مجھے آزاد کر کے میری دعا لے۔

10-آزادی کی اہمیت اور قید میں پرندہ کس طرح اپنی آزادی

11- ۱۱ نومبر

12- محی الدین احمد

13-تذکرمقامات / غبار خاطر

14- ترجمان القران / قول فیصل

15- ۲۲ فروری

## SECTION – B ( Text and supplementary) حصہ (ب)

16- تقرر جنگلی اور دلدلی علاقے میں ہوا تھا۔ 3

17- آہستہ آہستہ چل رہا تھا۔

18- شریک نہ ہو سکے۔

- جوابات آٹھ سے دس الفاظ میں لکھنا۔(کوئی دو) 2

19- راکھی کا تہوار تھا۔ اس تہوار پر بہنیں بھائیوں کے ہاں جاکر انھیں راکھی باندھتی ہیں۔چونکہ مایا بیوہ تھی۔ وہ اپنے بوڑھے خسر کو چھوڑ کر نہیں جا سکتی تھی۔

20- صوفیوں کی روحانی درس گاہ کا نام خانقاہ تھا۔ تو سنتوں کی روحانی درس گاہ مٹھ، کہلاتی تھی۔

21- ہمسائے نے جب قسطوں میں فریج خریدا تو مصنف کی بیوی نے ضد کی کہ ان کے گھر میں بھی ہونا چاہیے۔

* -جوابات ۱۵ سے ۲۰ الفاظ میں لکھنا۔ (کوئی چار) 8

22- تہنیتی خط، وہ خط جس میں کسی کو مبارک باد پیش کی جاتی ہے۔ تجارتی خط، وہ خط جو کاروبار کے سلسلہ میں لکھا جاتا ہے۔ تعزیتی خط۔وہ خط جس میں اظہارِ غم، تلقینِ صبر، دعائے مغفرت کے لئے جو لکھا جاتا ہے۔

23- پتھر کے کوزے میں مکھن کو رکھا- چھاچھ کی کھٹاس کو دور کرنے کے لئے مایا نے کوزے میں پڑے ہوے مکھن کو کنویں کے صاف پانی سے کئی بار دھویا-

24- ہمسائے کا نینی تال کو نہ جانے کا بہانہ یہ تھا کہ یک لخت میری بیوی کی طبیعت خراب ہو گئی- اور مصنف کا اوٹا کمنڈ کو نہ جانے کی وجہ یہ تھی کہ میرے سالے کی شادی ہے- اور سارا انتظام مجھے ہی کرنا ہے-

25- پروین اور سیاح سویٹو کے ایک غریب خاندان میں گئے تھے- یہ مکان دو کمروں پر مشتمل تھا- دونو ں کمرے خستہ حال تھے- دیواروں اور دروازوں کا رنگ اڑ چکا تھا- ستون کمزور ہو چکے تھے- چھت ٹین کی تھی- صحن میں ایک باتھ روم تھا- جسے ان کے پڑوسی بھی استعمال کرتے تھے- ایک چھوٹے کمر ے میں بستر اور میز تھی- کمرہ اتنا چھوٹا تھا کہ بستر اور میز رکھنے کے لئے جگہ نہیں تھی- اس کمرے میں ایک ٹوٹی پھوٹی کرسی تھی-

26- حسرت موہانی کے مشاعرہ کمیٹی سے خرچ نہ لینے کی وجہ یہ ہے کہ وہ گرفتاری کے ڈر سے بلا ٹکٹ انجن میں بیٹھ کر آئے تھے- چونکہ انھوں نے سفر کے لئے خرچ نہیں کیا تھا- اس وجہ سے وہ سمجھتے تھے کہ انھیں کمیٹی سے سفر خرچ لینے کا حق نہیں ہے-

27- دستر خوان پر بیٹھے ہی جو پہلا فائدہ ہوتا ہے کہ وہ آپ کے دایئں بایئں یا سامنے بیٹھے ہوئے شخص سے آپ کے بھایئوں جیسے تعلقات فوری طور پر قائم ہو جاتے ہیں-

* اشعار کے جوابات لکھنا

28- صنف کا نام (حمد) تشریح اللہ ایک ہے جو تمام جہانوں کا مالک ہے-اللہ کے ایک اشارے سے تمام دنیا کی ہر شئے بن گئی- 2

29- صنعتِ تضاد 2

*جوابات ۳۰ تا ۳۵ الفاظ میں لکھنا-(کوئی دو) 4

30- اذیت دینا اور تڑپانا قاتل کی خو ہے- اس لئے وہ اپنے ساتھ تیغ اور نمک داں ساتھ لایا ہے کہ تلوار سے چرکہ لگائے اور اس پر نمک چھڑکے-

31- سفر کا تقاضا جدا ہونے سے مراد منزل جدا ہے- تو ہم سفروں کا ساتھ چھوٹنا بھی یقینی ہے- کیونکہ ہر مسافر اپنی اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہو گا-

32- وہ نظم جس میں کسی خاص مرے ہوئے شخص کے بارے میں کہی جانے والی خوبیوں کو مرثیہ کہتے ہیں-- اور مرثیہ دو قسم کا ہوتا ہے (۱) شخصی مرثیہ (۲) کربلائی مرثیہ-

33- وہ نظم جس میں اللہ تعالی کی تعریف بیان کی جاتی ہے اسے حمد کہتے ہیں- اور وہ نظم جس میں محمدؐ کی تعریف و توصیف بیان کی جاتی ہے اسے نعت کہتے ہیں-

*-جوابات ۳۰ تا ۳۵ الفاظ میں لکھنا- (کوئی دو) 6

34-ابوالحسن کی خواہش کے مطابق ہارون رشد اسے ایک دن کا خلیفہ بناتے ہیں- ابوالحسن خلیفہ کی حیثیت سے اپنے محلے کے امی آدمی اور اس کے گرگوں کو سو سو کوڑے لگاتا ہے اپنے آپ کو خلیفہ سمجھ کر اپنی ماں کو بھی اشرفیاں دیتا ہے-جب وہ پڑوسیوں کو مارنے دوڑتا ہے تب لوگوں نے داروغہ کو بلا تے ہیں--اور اسے داروغہ گرفتار کر کے قید خانے میں ڈال دیتا ہے-

35 بغداد کا پل، ابوالحسن کا مکان، خلیفہ کا محل ،قید خانہ، خلیفہ کی خواب گاہ، خلیفہ کا دربار۔

36- دعوت قبول کرنے والوں کے لئے ابوالحسن کی ایک شرط تھی کہ ان کی دوستی صرف اسی ایک دن کے لئے ہوگی۔

37 ہارون رشید آٹھویں صدی عیسوی میں اسلامی دیا کے خلیفہ

ابوالحسن بغداد کا ایک نوجوان

جعفر خلیفہ ہارون رشید

مسرور ایک سردار

کافور حبشی غلام

ابوالحسن کی ماں

SECTION-C---(GRAMMAR )( حصہ ج ) (MCQ)

20 marks

ہرایک نمبر پر ایک مارکس دیں۔

A-38

B-39

A-40

D-41

C-42

B-43

B-44

D-45

A-46

C-47

D-48

A-49

B-50

A-51

D-52

B-53

A-54

B-55

C-56

C-57

## SECTION- D (حصہ الف)

58- بچوں کے اپنے خیالات پر مارکس دے جا ئینگے - 4

59- درجِ ذیل نکات کی مدد سے روداد تحریر کرنا 4

(بچوں کی ذہانت پر غور کر کے مارکس دیں-)

60- اس تحریری قدر پیمائی کے لئے خط کا خاکہ ، مقصد، القاب، نفسِ مضمون اور پیشکش کے مدِ نظر نمبرات دیئے جایئں- 5

61- بچوں کے اپنے خیالات پر مارکس دے جا ئینگے 5

------------------------------ختم شدہ------------------------------

**Mapping Process**

Mapping of Learning Outcomes to the chapters from the Grade 10 Textbook for R1 Urdu Language. Year 2025-26

| Chapter | CG | C | Learning Outcomes | Pedagogical Process | Blooms Level |
|---|---|---|---|---|---|
| حضرت سلمان فارسی | CG-1 | C-1.2 | 1،8،17 | 4،6،11 | 2 |
| اپنے ہمسایے سے | CG-2 | C-2.1<br>C-2.3 | 2،15 | 3،9 | 1،2 |
| بھولا | CG-1 | C-1.1 | 1،7،13 | 10،11،12 | 1،2 |
| سیاہ روشنی | CG-4 | C-4.1<br>C-4.2 | 2،3 | 13،3 | 1،2 |
| مولانا حسرت موہانی | CG-1 | C-1.3 | 4،5 | 9،10 | 1،2 |
| اُردو مراٹھی کے ثقافتی رشتے | CG-4 | C-4.3<br>C-4.5 | 7،8،9 | 6 | 1,2,3 |
| مظفر حنفی سے ایک ملاقات | CG-1 | C-1.3 | 2،6 | 1 | 1,2,3 |
| جلتے پروں سے اُڑان | CG-1 | C-1.2 | ،2،3،7 | 11 | 1،2 |
| دسترخوان | CG-1 | C-1.1 | 2،3،9 | 8،10 | 1،2 |
| خطوط | CG-3 | C-3.1 | ،4،5،9 | 13 | 1,2,3 |
| حمد | CG-2 | C-2.2 | 11،12 | 12 | 1،2 |
| باغ نخلہ کے مسافر پر سلام | CG-2 | C-2.1 | 10 | 12 | 1،2 |
| زمین کرب وبلا | CG-4 | C-4.1 | 10،14 | 12،13 | 1،2 |
| پریت کا گیت | CG-2 | C-2.2 | 12،14 | 12 | 1،2 |
| تضحیک روزگار | CG-2 | C-2.1 | 10،12،14 | 10،12 | 1،2 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| صحن چمن کی سیر | CG-2 | C-2.1 | 10،12،14 | 12 | 1،2 |
| چلو کہ آج | CG-2 | C-2.2 | 10،12 | 14 | 1،2 |
| سیتا | CG-2 | C-2.3 | 10،12 | 14 | 1،2 |
| غزل1 | CG-3 | C-3.1 | 10،12،17 | 14 | 1،2 |
| غزل2 | CG-2 | C-2.1 | 10،16 | 14 | 1،2،3 |
| غزل3 | CG-2 | C-2.2 | 16 | 17،18 | 1،2 |
| غزل4 | CG-2 | C-2.2 | 10،16 | 14 | 1،2 |
| غزل5 | CG-2 | C-2.1<br>C-2.2 | 16 | 17،18 | 1،2 |
| غزل6 | CG-2 | C-2.2 | 10 | 16،17،18 | 1،2 |
| قصہ سوتے جاگتے کا<br>اضافی مطالعہ) | CG-1 | C-1.1 | 7 | 7,5 | 2,3 |

# INTERNAL ASSESSMENT SCHEME 2025-2026
# URDU R1 STD X

ہدایات:-

1 ) 20 مارکس کی اندرونی تشخیص کے لئے کارکردگیوں کی فہرست اور تشخیص کے معیار ذیل میں چار زبانوں کے تحت درج ہیں-

2 ) طلباء چار زبانوں کی مہارتوں میں سے کسی بھی دو زبانوں کی مہارت کی بنیاد پر کوئی بھی دو سرگرمیاں منتخب کر سکتے ہیں-

نوٹ: دونوں سرگرمیاں صرف ایک زبان کی مہارت پر مبنی نہیں ہو سکتی-

3 ) ہر ایک سرگرمی کے لئے زیادہ سے زیادہ (10 دہ) مارکس ہیں- روبرکس مختص ذیل میں دی گئی ہیں-

4 ) بورڈ کی جانچ پڑتال کے لئے طالب علم کی ہر سرگرمی کا رکارڈ (ہارڈ یا سافٹ) کاپی رکھنا ضروری ہے-

1) پڑھنے کی مہارت (READING SKILLS)

سر گرمیاں: (1) اخبارات پڑحنا۔ (2) سبق آموز کہانی پڑھنا۔ (3) نظمیں پڑھنا۔

| نام/رول نمبر | سر گرمی | رو برکس مختص (Rubrics) کل مارکس (10) | | | | | کل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | آنکھ کا رابطہ | حالت | آواز کی ادائیگی | تلفظ | اظہار | |
| | | 1 | 1 | 3 | 3 | 2 | 10 |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |

2)لکھنے کی مہارت(WRITING SKILLS ) :

سرگرمیاں: 10ڈائری لکھنا۔(2) کہانی کا مقابلہ۔( 3) سرخیوں سے کہانی۔( 4) ( اسکول کی سرگرمی)رپورٹ لکھنا۔(5) عبارت۔(6)مضمون۔(7) ایڈیٹر کو خط۔

| نام/رول نمبر | سرگرمی | روبرکس مختص(Rubrics ) کل مارکس(01) | | | | | | | کل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | اصل یا دلچسپ خیالات | مناسب الفاظ | بامعنی جملے | نظریات یا پیراگراف کی تنظیم | ہجے | اوقاف | قواعد | |
| | | 3 | 1 | 1 | 2 | 1 | 1 | 1 | 10 |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | |

| نام اور رول نمبر | سرگرمی | 3)بولنے کی مہارت (SPEAKING SKILLS) :<br>سرگرمیاں10 انٹرویو(2) تقریر(3) مکالمہ( 4) تقریر( قومی دن) (5)مناظرہ( 6)ایک واقعہ بیان کرنا( 7) تصویر بیان کرنااوررائے یا تجویز دینا۔8) ) اگر ہم ہوتے۔(9) کہانی سنانا۔ | | | | | | | | کل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | مواد | حالت | آواز کی ادائیگی | تلفظ | اظہار خیالات | موضوع کا علم | مناسب الفاظ | تخلیقی زبان کے جملے محاورے | |
| | | 1 | 1 | 2 | 1 | 2 | 1 | 1 | 1 | 10 |
| | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | |

4) سننے کی مہارت (LISTENING SKILLS) :

سرگرمیاں :(1 ہدایات کو سنیں اور نقشہ کھینچیں۔(2) کہانی کو سنیں اور سوالات کے جوابات دیں۔(3) ہدایات کو سنیں اور دیے گئے کام کو انجام دیں۔(4) کہانی سنیں اور خاکہ / کارٹون بنائیں۔

| نام اور رول نمبر | سرگرمی | روبرکس مختص (Rubrics) کل مارکس (10) | | | | کل |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت | عام ہدایات | تفصیلات سننا | جوابات میں درستگی | |
| | | 2 | 2 | 3 | 3 | 10 |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | | | | |

| OBJECTIVES | REMEMBERING | | | | UNDERSTANDING | | | | APPLICATION | | | | ANALYSIS | | | | EVALUATION | | | | CREATION | | | | TOTAL |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| CONTENT AREA | VSA | SA-I | SA-II | LA | VSA | SA-I | SA-II | LA | VSA | SA-I | SA-II | LA | VSA | SA-I | SA-II | LA | VSA | SA-I | SA-II | LA | VSA | SA-I | SA-II | LA | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| Q.1 TO 5 (PROSE)(SEEN) | | | | | | 5(5) | | | | | | | | | | | | | | | | | | | 5 |
| Q. 6TO 10(POEM )(UNSEEN) | | | | | | 5(5) | | | | | | | | | | | | | | | | | | | 5 |
| Q.11 TO 15(PROSE)(UNSEEN) | | | | | | 5(5) | | | | | | | | | | | | | | | | | | | 5 |
| Q. 16,17,18(PROSE)(SEEN) | | 3(3) | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | 3 |
| Q.19,20,21PROSE(SEEN) | | 2(2) | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | 2 |
| Q.22 TO 27(PROSE)(SEEN) | | | | | | | 8(4) | | | | | | | | | | | | | | | | | | 8 |
| Q.28, 29(POEM)(SEEN) | | | | | | | 4(2) | | | | | | | | | | | | | | | | | | 4 |
| Q.30 TO 33(POEM)(SEEN) | | | | | | | 4(2) | | | | | | | | | | | | | | | | | | 4 |
| Q.34 TO 37(SUP)(SEEN) | | | | | | | | 6(2) | | | | | | | | | | | | | | | | | 6 |
| Q.30 TO 57(GRAMMAR)(UNSEEN) | | | | | | | | | 20(20) | | | | | | | | | | | | | | | | 20 |
| Q.58(COMPOSITION)(UNSEEN) | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | 4(1) | 4 |
| Q.59(COMPOSITION)(UNSEEN) | | | | | | | | | | | | 4(1) | | | | | | | | | | | | | 4 |
| Q.60(COMPOSITION)(UNSEEN) | | | | | | | | | | | | 5(1) | | | | | | | | | | | | | 5 |
| Q.61(COMPOSITION)(UNSEEN) | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | 5(1) | 5 |
| | | 5 | | | | 15 | 16 | 6 | 20 | | | 9 | | | | | | | | | | | | 9 | |
| TOTAL | 5 | | | | 37 | | | | 29 | | | | | | | | | | | | 9 | | | | 80 |